تیسری شرط: مردار کے اجزاء سے نہ بنا ہو

تیسری شرط: مردار کے اجزاء سے نہ بنا ہو

مسئلہ۸۳۔ نماز پڑھنے والے کا لباس خون جہندہ رکھنے والے مردار حیوان کے اجزاء سے نہ بنا ہو اور احتیاط واجب یہ ہے کہ خون جہندہ نہ رکھنے والے مردار کے اجزاء سے بھی نہ بنا ہو۔

مسئلہ۸۴۔ اگر مردار کے اجزاء کا کوئی حصہ نماز پڑھنے والے کے ساتھ ہو تو احتیاط واجب کی بناپر نماز باطل ہے لیکن حلال گوشت کے وہ اجزاء جن میں روح نہیں مثلا ًبال، اون، سینگ اور ہڈی وغیرہ نماز پڑھنے والے کے ساتھ ہو تو نماز باطل نہیں ہے ۔

مسئلہ۸۵۔ غیر مسلم ممالک سے درآمد کئے جانے والے حلال گوشت حیوانات کا چمڑا اور کھال جن کا تذکیہ [۱]مشکوک ہے، پاک اور نجس ہونے میں مردار کا حکم نہیں رکھتے اور پاک ہیں لیکن ان کے ساتھ نماز نہیں پڑھ سکتے۔ البتہ اگر حکم شرعی معلوم نہ ہونے کی وجہ سے پہلے ان کے ساتھ نماز پڑھی ہے تو نماز صحیح ہے۔ اگر درآمد کرنے والا مسلمان ہو اور اس کی جانب سے تذکیہ کے بارے میں چھان بین کا احتمال دیاجائے تو اس کے ساتھ نماز پڑھنے میں کوئی اشکال نہیں ہے۔

[۱] ۔ تذکیہ ان شرائط کو کہا جاتا ہے جو اسلام میں حلال گوشت حیوانات کو پاک یا حلال کرنے کے لئے مقرر کی گئی ہیں۔ حلال گوشت حیوان کا تذکیہ یہ ہے کہ حیوان کے اجزاء کو پاک کرنا اور اس کا گوشت کھانے کے لئے حلال کرنا۔ حرام گوشت حیوانات کا تذکیہ یہ ہے کہ اس کے اجزاء کو پاک کرنا۔ تذکیہ کے مختلف طریقے ہیں ؛ اونٹ کے علاوہ باقی حیوانات کو ذبح کیا جاتا ہے، اونٹ کو نحر اور جنگلی حیوانات کو شکار کرکے تذکیہ کیا جاتا ہے۔